سوال

میری بیوی کے پاس قرآنی آیات پر مشتمل تعویذ ہے کیا وہ اسے پہن کر بیت الخلاء میں داخل ہو سکتی ہے ؟

جواب

الحمد للہ

کسی بھی ایسی چیز کو جس میں قرآنی آیات ہوں بیت الخلاء میں لے جانا جائز نہیں کیونکہ اس میں اللہ تعالی کے کلام کی توھین ہے ، لھذا آپ کی بیوی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اسے لے کر بیت الخلاء میں جائے بلکہ جانے سے پہلے اتار لینا چاہیے ۔

ہماری نصیحت ہے کہ کسی مرد عورت اوربچے کی گردن وغیرہ میں کوئی ایسی چیز نہیں پہننی چاہیے جس میں قرآنی آیات ہوں اور نہ ہی تعویذات پہننے صحیح ہیں اگرچہ بیت الخلاء میں نہ بھی جایا جائے کیونکہ یہ پہننے جائز نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم .